| جنرل ریاضی (آرٹس) | نہم لاہور بورڈ 2021ء | (معروضی طرز) |
|---|---|---|
| وقت: 20 منٹ | دوسرا گروپ | کل نمبر: 15 |

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1-1 70% کی کسری شکل ہے:

(A) $\frac{7}{10}$ (B) 7

(C) $\frac{10}{7}$ (D) 70

2- a : b کی نسبت میں "a" کو کیا کہتے ہیں:

(A) طرفین (B) وسطین

(C) انٹی سیڈینٹ (D) کانسی کوائنٹ

3- قدرتی ذرائع سے کاشت کی گئی فصل سے عشر کی کٹوتی کی شرح کیا ہے:

(A) 2.5% (B) 10%

(C) 5% (D) 20%

4- زکوٰۃ کی کٹوتی کس شرح سے ہوتی ہے:

(A) 2.5% (B) 3.5%

(C) 4.5% (D) 5.5%

5- کمپنی جو انشورنس کے عمل کو آگے بڑھاتی ہے اسے کہتے ہیں:

(A) انشورر (B) انشورڈ

(C) انشورنس (D) انشورنس پالیسی

6- جمع کرائی گئی رقم پر بینک جو رقم ادا کرتا ہے اسے ............ کہتے ہیں:

(A) بونس (B) منافع

(C) پریمیم (D) مارک اپ

7- وہ ٹیکس جو آمدنی، جائیداد اور منافع پر انکم ٹیکس، جائیداد ٹیکس وغیرہ کی شکل میں وصول کیا جاتا ہے، اسے کہتے ہیں

(A) ٹیکس (B) جائیداد ٹیکس

(C) براہ راست ٹیکس (D) انکم ٹیکس

8- وہ ٹیکس جو تمام قابل ٹیکس آمدنی پر لگایا جاتا ہے وہ کہلاتا ہے:

(A) سیلز ٹیکس (B) ایکسائز ڈیوٹی

(C) براہ راست ٹیکس (D) انکم ٹیکس

9- $\sqrt{3}$ میں 3 کو کہتے ہیں:

(A) مجذور (B) جذر

(C) صحیح عدد (D) قدرتی عدد

10- اساس 10 میں حل کیے گئے لوگارتھم کو کہتے ہیں:

(A) مینٹیسا (B) عام لوگارتھم

(C) خاصہ (D) قدرتی عدد

11- 1 اور 8 کے درمیان ضربی اوسط کیا ہے:

(A) $2\sqrt{2}$ (B) $\pm 2\sqrt{2}$

(C) $-2\sqrt{2}$ (D) $\sqrt{2}$

12- $6\sqrt{2}$ اور $2\sqrt{5}$ میں جمعی وسط ہوتا ہے:

(A) $5\sqrt{5}$ (B) $3\sqrt{5}$

(C) $7\sqrt{5}$ (D) $4\sqrt{5}$

13- دو سیٹوں A اور B کے لیے $A \cup B = B \cup A$ کہلاتا ہے:

(A) خاصیت مبادلہ (B) خاصیت تلازم

(C) ڈی مارگن کا قانون (D) دو سیٹوں کا کمپلیمنٹ

14- $2x - y = 6$ میں $x = 1$ رکھنے سے، $y = ?$:

(A) 8 (B) 4

(C) -8 (D) -4

15- $H = \frac{n}{\Sigma\left(\frac{1}{x}\right)}$ کہلاتا ہے:

(A) اوسط (B) عادہ

(C) ہارمونک اوسط (D) حسابی اوسط